روزنامہ
(ٹیلی فون نمبر 047-6213029) FD-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

بدھ 23 فروری 2011ء 19 ربیع الاول 1432 ہجری 23 تبلیغ 1390 ہش جلد 61-96 نمبر 44

بخشش اور خاص بندۂ خدا بننے کی دعا

حضرت مسیح موعود نے اپنے ایک رفیق حضرت چوہدری رستم علی صاحب کو اس دعا کی تلقین کرتے ہوئے تحریر فرمایا کہ چاہئے کہ سجدہ میں اور دن رات کئی دفعہ یہ دعا پڑھیں۔

ترجمہ: اے سب پیاروں سے بڑھ کر پیارے! مجھے میرے گناہ بخش دے اور مجھے اپنے چنیدہ بندوں میں داخل کرلے۔

(مکتوبات احمدیہ جلد دوم صفحہ 539)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

پہلی ترقی کہ جوقربت کے میدانوں میں چلنے کے لئے اول قدم ہے اس آیت میں تعلیم کی گئی ہے جوفرمایا ہے اھدنا الصراط المستقیم۔ کیونکہ ہر یک قسم کی کجی اور بے راہی سے باز آ کر اور بالکل روبخدا ہو کر راہ راست کو اختیار کرنا یہ وہی سخت گھاٹی ہے جس کو دوسرے لفظوں میں فنا سے تعبیر کیا گیا ہے کیونکہ امور مالوفہ اور معتادہ کو یکلخت چھوڑ دینا اور نفسانی خواہشوں کو جو ایک عمر سے عادت ہو چکی ہے یکدفعہ ترک کرنا اور ہر یک ننگ اور ناموس اور عجب اور ریا سے مونہہ پھیر کر اور تمام ماسوا اللہ کو کالعدم سمجھ کر سیدھا خدا کی طرف رخ کر لینا حقیقت میں ایک ایسا کام ہے جو موت کے برابر ہے اور یہ موت روحانی پیدائش کا مدار ہے اور جیسے دانہ جب تک خاک میں نہیں ملتا اور اپنی صورت کو نہیں چھوڑتا تب تک نیا دانہ وجود میں آنا غیر ممکن ہے۔ اسی طرح روحانی پیدائش کا جسم اس فنا سے طیار ہوتا ہے۔ جوں جوں بندہ کا نفس شکست پکڑ جاتا ہے اور اس کا فعل اور ارادت اور روبخلق ہونا فنا ہوتا جاتا ہے توں توں پیدائش روحانی کے اعضاء بنتے جاتے ہیں یہاں تک کہ جب فناء اتم حاصل ہو جاتی ہے تو وجود ثانی کی خلعت عطا کی جاتی ہے اور ثم انشاناہ خلقا اخر کا وقت آ جاتا ہے اور چونکہ یہ فناء اتم بغیر نصرت و توفیق و توجہ خاص قادر مطلق کے ممکن نہیں اس لئے یہ دعا تعلیم کی یعنی اھدنا الصراط المستقیم جس کے یہ معنے ہیں کہ اے خدا ہم کو راہ راست پر قائم کر اور ہر یک طور کی کجی اور بے راہی سے نجات بخش اور یہ کامل استقامت اور راست روی جس کو طلب کرنے کا حکم ہے نہایت سخت کام ہے اور اول دفعہ میں اس کا حملہ سالک پر ایک شیر ببر کی طرح ہے جس کے سامنے موت نظر آتی ہے پس اگر سالک ٹھہر گیا اور اس موت کو قبول کر لیا تو پھر بعد اس کے کوئی اسے سخت موت نہیں اور خدا اس سے زیادہ تر کریم ہے کہ پھر اس کو یہ جلتا ہوا دوزخ دکھاوے۔ غرض یہ کامل استقامت وہ فنا ہے کہ جس سے کارخانہ وجود بندہ کو بکلی شکست پہنچتی ہے اور ہوا اور شہوت اور ارادت اور ہر یک خودروی کے فعل سے بیکبارگی دستکش ہونا پڑتا ہے اور یہ مرتبہ سیر و سلوک کے مراتب میں سے وہ مرتبہ ہے جس میں انسانی کوششوں کا بہت کچھ دخل ہے اور بشری مجاہدات کی بخوبی پیش رفت ہے اور اسی حد تک اولیاء اللہ کی کوششیں اور سالکین کی محنتیں ختم ہو جاتی ہیں اور پھر بعد اس کے خاص مواہب سماوی ہیں جن میں بشری کوششوں کو کچھ دخل نہیں بلکہ خود خدائے تعالیٰ کی طرف سے عجائبات سماوی کی سیر کرانے کے لئے غیبی سواری اور آسمانی براق عطا ہوتا ہے۔

(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد 1 ص 604)

احمدی عورت اپنی ذمہ داری کو سمجھے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز عورتوں کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

''عورت ہی ہے جس کی گود میں آئندہ نسلیں پروان چڑھتی ہیں اور عورت ہی ہے جو قوموں کے بنانے یا بگاڑنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ حضرت اقدس مسیح موعود نے جس طرح کھول کر عورتوں کے حقوق و فرائض کے بارے میں فرمایا ہے اور قرآن کریم کی تعلیم کی روشنی میں جس طرح تقویٰ پر چلتے ہوئے اپنے گھروں میں اپنے بچوں کو (دین حق) کی خوبصورت تعلیم کے مطابق تربیت دینے کی طرف توجہ دلائی ہے، اگر عورتیں اس ذمہ داری کو سمجھ لیں تو احمدیت کے اندر بھی ہمیشہ حسین معاشرہ قائم ہوتا چلا جائے گا اور پھر اس کا اثر آپ کے گھروں تک ہی محدود نہیں رہے گا، جماعت کے اندر تک ہی محدود نہیں رہے گا بلکہ اس کا اثر گھروں سے باہر بھی ظاہر ہوگا۔ اس کا اثر جماعت کے دائرہ سے نکل کر معاشرہ پر بھی ظاہر ہوگا اور اس کا اثر گلی گلی اور شہر شہر اور ملک ملک ظاہر ہوگا۔ اور وہ انقلاب جو حضرت اقدس مسیح موعود ہم میں پیدا کرنا چاہتے ہیں اور (دین حق) کی جس خوبصورت تعلیم کا علم دے کر اللہ تعالیٰ نے آپ کو بھیجا ہے اس تعلیم کو دنیا میں پھیلانے اور (دین حق) کا جھنڈا دنیا میں گاڑنے میں اور جلد از جلد تمام دنیا کو...... کے جھنڈے تلے جمع کرنے میں ہم تبھی کامیاب ہو سکتے ہیں جب احمدی عورت اپنی ذمہ داری کو سمجھے، اپنے مقام کو سمجھ لے اور اپنے فرائض کو سمجھ لے اور اس کے مطابق اپنا کردار ادا کرنے کی کوشش کرے۔''

(الفضل انٹرنیشنل 22/جولائی 2005ء)

تمام احمدی گھرانوں میں عورتوں کو پوری توجہ کے ساتھ اپنے بچوں کی تربیت کا خیال رکھنا چاہئے۔

قیادت تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان

برائے لجنہ اماء اللہ پاکستان

مقابلہ مقالہ نویسی بعنوان ''اصلاح معاشرہ میں احمدی عورت کا کردار''

قواعد، ذیلی عناوین و امدادی کتب 11-2010ء

قواعد

☆عنوان مقالہ **''اصلاح معاشرہ میں احمدی عورت کا کردار''**

☆مقالہ کے الفاظ 60 ہزار سے کم اور ایک لاکھ بیس ہزار سے زائد نہ ہوں۔ایسے مقالہ جات مقابلہ میں شریک نہ کئے جائیں گے جن کے الفاظ کی تعداد 60 ہزار سے کم اور ایک لاکھ بیس ہزار سے زائد ہوگی۔

☆مقالہ نگار پہلے صفحہ پر مقالے کا عنوان، اپنا مکمل نام بمعہ ولدیت، مکمل پوسٹل ایڈریس مع فون نمبرز، اپنی تنظیم اور مجلس کا نام نمایاں طور پر تحریر کریں۔

☆مقالہ نگار اپنے الفاظ کی تعداد کو مقالہ کے ٹائٹل صفحہ پر نمایاں طور سے تحریر کریں۔

☆جن کتب کا حوالہ دیا جائے اُن کے مصنفین، کتاب کا نام، ایڈیشن، مطبع، سنِ اشاعت، جلد و صفحہ نمبر درج کیا جائے۔اور حوالہ جات کو درست اور واضح طور پر تحریر کیا جائے۔

☆کاغذ کے ایک طرف صاف اور خوشخط تحریر کریں۔مقالہ کے دائیں طرف حاشیہ ضرور چھوڑیں۔

☆مقالہ مرکز میں موصول ہونے کی آخری تاریخ 30 ستمبر 2011ء ہے۔مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والے مقالہ جات مقابلہ میں شریک نہ کئے جائیں گے۔

☆اس مقابلہ میں لجنہ اماء اللہ پاکستان کی اراکین شریک ہوسکیں گی۔

☆لجنہ اپنے مقالہ جات مع تصدیق صدر لجنہ مقامی، لجنہ اماء اللہ پاکستان کی وساطت سے قیادت تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان کو بھجوائیں گی۔

☆مقالہ لکھنے والے اراکین کی راہنمائی کے لئے ذیلی عناوین اور امدادی کتب کی فہرست دی جارہی ہے۔تاہم مقالہ نویس ان کتب کے علاوہ مزید کتب سے بھی استفادہ کر سکتے ہیں۔مقالہ تحریر کرتے وقت قیادت تعلیم کی طرف سے دیئے گئے ذیلی عناوین کی پابندی لازمی ہے۔

☆مقالہ نویس مقالہ مرکز میں جمع کروانے سے قبل ایک کاپی اپنے پاس رکھ لیں۔مرکز میں جمع شدہ مقالہ واپس نہیں دیا جائے گا۔

☆مقالہ نویس اراکین کے لئے تمام قواعد کی پابندی لازمی ہے۔

انعامات

اوّل: سیٹ روحانی خزائن + سند امتیاز + 25 ہزار روپے نقد

دوم: سیٹ انوار العلوم + سند امتیاز + 15 ہزار روپے نقد

سوم: سیٹ حقائق الفرقان + سیٹ تفسیر کبیر + سند امتیاز + 10 ہزار روپے نقد

ان تین انعامات کے علاوہ دس انعامات حُسنِ کارکردگی کی بناء پر اگلی دس پوزیشنز حاصل کرنے والوں کو انعامی کتب اور سند امتیاز کی صورت میں دیئے جائیں گے۔اس کے علاوہ مقابلہ میں شرکت کرنے والوں کو سند شرکت بھی دی جائے گی۔

ذیلی عناوین

1-معاشرہ کی تعریف اور مہذب معاشرہ کی علامات۔ 2-اسلامی معاشرہ۔

3-اسلامی معاشرہ میں عورت کا مقام۔

4-معاشرہ کی اصلاح کے لئے عورتوں کی ذمہ داریاں از روئے قرآن۔

5-معاشرہ کی اصلاح کے لئے عورتوں کی ذمہ داریاں از روئے حدیث۔

6-معاشرہ کی اصلاح کے لئے عورتوں کا کردار حضرت مسیح موعود کے ارشادات کی روشنی میں۔

7-دینی تعلیمات کا فروغ اور احمدی عورت۔

8-دورِ حاضر کے معاشرہ میں پائی جانے والی مذہبی، اخلاقی، سماجی اور معاشرتی برائیاں۔

9-معاشرہ میں پائی جانے والے برائیوں کے تدارک کے لئے احمدی عورت کا کردار۔

10-عصمت و عفت اور پردہ کے قیام کے لئے احمدی عورت کا کردار۔

11-معاشرہ کی اصلاح کے لئے عورتوں کی ذمہ داریوں کے بارہ میں خلفائے احمدیت کے ارشادات۔

12-مغربی معاشرے میں احمدی عورت کا کردار۔

13-صحابیاتؓ کا اصلاح معاشرہ میں قابلِ تقلید کردار۔

14-اصلاح معاشرہ میں احمدی خواتین کے قابلِ رشک نمونے۔

15-اصلاح معاشرہ کے لئے لڑکیوں کی تعلیم و تربیت کی اہمیت۔

16-بدرسوم کے خلاف جہاد میں احمدی عورت کا کردار۔

17-دورِ حاضر کی ایجادات (انٹرنیٹ، موبائل ٹیلیفون) کے منفی اثرات کے تدارک کے لئے احمدی عورت کی ذمہ داریاں۔

امدادی کتب

1-قرآن کریم۔ 2- کتب احادیث: صحاح ستہ۔حدیقۃ الصالحین۔ریاض الصالحین۔

3- تفسیر بیان فرمودہ حضرت مسیح موعود۔ 4-روحانی خزائن۔ 5-ملفوظات۔

6-حقائق الفرقان۔حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل۔ 7-خطبات نور۔ 8- تفسیر کبیر۔ 9-انوار العلوم۔

10-خطبات محمود۔ 11-خدمت دین کا فریضہ اور احمدی خاتون۔حضرت مصلح موعود

12-خطبات ناصر۔ 13-المصابیح۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث۔ 14-خطبات طاہر۔

15-حوّا کی بیٹیاں اور جنت نظیر معاشرہ۔حضرت خلیفۃ المسیح الرابع۔ 16-خطبات مسرور۔

17-شرائط بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں۔حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

18-الازھار لذوات الخمار (مکمل سیٹ)۔ 19- مشعل راہ۔(مکمل)

20-اچھی مائیں۔حضرت مرزا بشیر احمد صاحب۔ 21-مضامین بشیر۔

22-احمدی عورتوں کے فرائض۔حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب

23-سیرت حضرت نصرت جہاں بیگم صاحبہ۔مکرم محمود احمد عرفانی صاحب

24-عورتوں کا مقام۔حضرت مولانا ابوالعطاء جالندھری صاحب

25-احادیث الاخلاق۔مکرم مولانا غلام باری صاحب سیف

26-اسلامی معاشرہ۔مکرم مولانا غلام باری صاحب سیف

27-ایک نیک بی بی کی یاد میں۔مکرم مولانا محمد منور صاحب

28-اسوہ انسان کامل۔مکرم حافظ مظفر احمد صاحب

29-تاریخ لجنہ اماء اللہ۔ 30-700 احکام خداوندی۔مکرم حنیف احمد محمود صاحب

31-لباس۔مکرم حنیف احمد محمود صاحب۔

32-مشترکہ خاندانی نظام۔مکرم حنیف احمد محمود صاحب شائع کردہ لجنہ اماء اللہ اسلام آباد

33-سیرت حضرت اماں جان۔شائع کردہ لجنہ اماء اللہ لاہور

34-سیرت حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ۔شائع کردہ لجنہ اماء اللہ لاہور

35-خواتین مبارکہ۔شائع کردہ لجنہ اماء اللہ لاہور

36-مضامین ڈاکٹر میر محمد اسمٰعیل صاحب۔شائع کردہ لجنہ اماء اللہ کراچی

رسائل

ماہنامہ ''مصباح''۔''انصاراللہ''۔''خالد''

اخبارات

''الحکم''۔''البدر''۔''روزنامہ الفضل''۔''الفضل انٹرنیشنل''

★★★★★★★

مکرم مظفر احمد دُرانی صاحب

آنحضرت ﷺ کی احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں

تقویٰ اختیار کرنے کی اہمیت و برکات

تقویٰ کی اہمیت

تقویٰ کی اہمیت کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ارشادات واقوال، دل کی کیفیات اور عمل سے بخوبی واضح فرما دیا۔ چنانچہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص آیا اور عرض کیا، یا رسول اللہ! مجھے کوئی وصیت کیجئے۔ آپؐ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرو۔ کیونکہ تمام بھلائیوں کی یہ بنیاد ہے۔

(حدیقۃ الصالحین مترجم حضرت ملک سیف الرحمان صاحب صفحہ 552)

اس مضمون کی احادیث تکرار کے ساتھ کتب حدیث میں پائی جاتی ہیں۔ چنانچہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا اُوْصِیْکَ بِالتَّقْوٰی کہ میں تجھے وصیت کرتا ہوں کہ اپنے پوشیدہ اور اعلانیہ معاملات میں اللہ کا تقویٰ اختیار کرنا۔

(مسند احمد بن حنبل کتاب مسند الانصار باب حدیث ابی ذر غفاری، حدیث نمبر 20592)

وصیت سے مراد صرف مرتے وقت کے الفاظ ہی نہیں ہوا کرتے بلکہ وصیت ایسی نصیحت کو بھی کہتے ہیں جو بہت تاکیدی ہو، جس کو ٹالنے کا سوال ہی پیدا نہ ہو۔ یہ ایک گہری، سمجھنے اور یاد رکھنے والی حدیث ہے کہ اُٹھتے بیٹھتے اور چلتے پھرتے اپنے اندرونہ پر نگاہ رکھو اور اس کا محاسبہ کرتے رہو کہ اس کے اندر کیا چھپا ہوا ہے۔ اگر وہاں تقویٰ ہی ملے تو وہ انسان کامران ہو گیا اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی پیار کی نگاہوں کا مستحق ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دل کی کیفیت اور میلان کا ذکر کرتے ہوئے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ دنیا کی کوئی چیز یا کوئی شخصیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دل کبھی نہ موہ سکی سوائے صاحب تقویٰ شخص کے۔

(مسند احمد بن حنبل کتاب باقی مسند الانصار باب حدیث السیدۃ عائشہ، حدیث نمبر: 23624)

اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

’’جس سے اللہ محبت کرتا تھا اسی سے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم محبت کرتے تھے۔ پس اللہ اور رسولؐ کی محبت کی باتیں ہم کرتے ہیں مگر یہ نہیں جانتے کہ محبت کیسے ہو سکتی ہے۔ محض زبانی جمع خرچ سے نہ اللہ کی محبت مل سکتی ہے نہ رسولؐ کی محبت مل سکتی ہے۔ پس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کیسی پیاری بات بیان فرمائی کہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دل کبھی کوئی چیز موہ نہ سکی مگر صاحب تقویٰ شخص کے۔ جب نیک لوگوں کو دیکھتے تھے تو آپؐ کی محبت دل سے از خود پھوٹتی تھی، پیار کی نگاہیں ان پر پڑا کرتی تھیں، ان کے لئے دل سے دعائیں اُٹھا کرتی تھیں۔

پس آپ بھی اگر اللہ اور رسولؐ کی محبت کے خواہاں ہیں تو دل کو تقویٰ سے بھر لیں اور اس بات سے مستغنی ہو جائیں کہ آپ کا تقویٰ دنیا کی نظر میں ہے یا نہیں۔ ان احادیث سے میں آپ کو یقین دلاتا ہوں لازماً آپ کا تقویٰ خدا کی نظر میں ہوگا اور لازماً آپ کا تقویٰ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر میں ہوگا۔ وہ پیار کی نگاہیں جو اس وقت کے متقیوں پر پڑا کرتی تھیں آج بھی ہم پر پڑیں گی اگر ہم متقی ہو جائیں...... پس اس پہلو سے آج بھی ہم پر اللہ اور رسولؐ کی نگاہیں پڑ رہی ہیں خواہ دنیا اسے دیکھے یا نہ دیکھے اور ہمیں اس کی کوئی بھی پرواہ نہیں۔‘‘

(خطبات طاہر عیدین ص 299)

ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تقویٰ کو عبادت کا لازمہ قرار دیتے ہوئے حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ کو مخاطب کر کے فرمایا کہ تقویٰ اور پرہیز گاری اختیار کر تُو سب سے بڑا عبادت گزار بن جائے گا۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الزھد باب الورع والتقویٰ)

بلکہ تقویٰ اور پرہیز گاری کے بغیر تو عبادت، عبادت ہے ہی نہیں۔ اسی وجہ سے تقویٰ کو ہم جنت کی کُنجی کہہ سکتے ہیں۔ کیونکہ حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق جب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ لوگوں کو کثرت کے ساتھ جنت میں لے جانے والی کون سی بات ہوگی تو آپؐ نے فرمایا: اللہ کا تقویٰ اور حُسنِ اخلاق۔ بلکہ آپؐ نصیحت فرمایا کرتے تھے کہ اگر کوئی شخص کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کی قسم بھی کھا چکا ہو اور وہ بات تقویٰ کے خلاف ہو، جب اسے تقویٰ کے مطابق کوئی راہ ملے تو بھی وہ اپنی قسم کو توڑ کر تقویٰ اللہ اور اس کے مطابق عمل کو ترجیح دے۔

(ریاض الصالحین، باب فی التقویٰ مرتبہ: ابوزکریا یحییٰ بن شرف النووی الدمشقی ص 75۔ ناشر: خالد احسان پبلشرز، لاہور 1977ء)

سمندر نے امانت پہنچادی

ایک قرض لینے والے اور قرض دینے والے کے تقویٰ کی کیفیت کے بیان سے متعلق حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کا قصہ یوں بیان کیا کہ وہ اپنی قوم کے ایک امیر آدمی کے پاس گیا اور اس سے ایک ہزار اشرفی بطور قرض مانگی۔ تو امیر آدمی نے کہا کہ تمہارا ضامن کون ہوگا؟ تو اس نے کہا کہ میرا ضامن تو اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں۔ پھر اس نے پوچھا کہ گواہ کون ہوگا؟ اس نے عرض کیا کہ گواہ بھی میرا اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ قرض دینے والے نے اس کی بات پر اعتبار کرتے ہوئے مقررہ مدت کے لئے ایک ہزار اشرفی اس کو دے دی۔ قرض لینے والا سمندری سفر پر روانہ ہو گیا، یہاں تک کہ قرض کی واپسی کا وقت قریب آ گیا۔ اتنے میں اس کا کام بھی مکمل ہو گیا چنانچہ وہ واپس ساحلِ سمندر پر آیا تاکہ گھر لوٹے اور قرض والے کی رقم بھی اسے لٹا دے۔ وہ کئی دن ساحل پر انتظار کرتا رہا مگر اسے کوئی بحری جہاز نہ مل سکا کہ واپس آئے۔ وہ اپنا وعدہ پورا نہ کر سکنے کے اندیشہ کے باعث بہت پریشان تھا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی اس کا ضامن اور گواہ تھا۔ آخر اس نے ایک بڑی لکڑی لی، اس میں سوراخ کر کے قرض کی رقم اس میں رکھ دی جس کے ساتھ اس مضمون کا خط بھی لکھ کر رکھ دیا کہ میں آپ کی رقم لئے سمندر پار کھڑا ہوں مگر مجھے کوئی جہاز نہیں مل رہا اس لئے میں نے آپ کی رقم اس لکڑی میں رکھ کر سمندر میں ڈال دی ہے کہ شاید آپ کو بروقت مل جائے۔ پھر لکڑی کا منہ بند کر کے اسے سمندر میں ڈال دیا۔

پھر اپنے اللہ کے حضور دعا کی کہ اے اللہ! تیری خاطر اس شخص نے مجھے قرض دیا تھا اور تو میرا ضامن اور گواہ ہے اور آج میرے حال سے واقف بھی، اس لئے اسے اس تک پہنچا دے۔ اتفاق سے جس دن قرض کی واپسی کا دن تھا، قرض دینے والا سمندر کے دوسرے کنارے آ کر کھڑا ہو گیا کہ شاید جہاز کے ذریعہ مقروض میری رقم واپس کرنے آ جائے۔ انتظار کرتے کرتے اسے کوئی جہاز تو نظر نہ آیا مگر ایک لکڑی پانی میں تیرتی کنارہ پر آتی دکھائی دی۔ ایندھن کے طور پر اس لکڑی کو وہ اُٹھا کر گھر لے آیا۔ گھر پہنچ کر جب اس نے لکڑی کو چھوٹا چھوٹا کرنے کی غرض سے پھاڑا تو اس میں سے ایک ہزار اشرفیاں اور وہ وضاحتی خط نکل آیا۔ جسے پا کر وہ بہت خوش ہوا۔ دوسری طرف کچھ دنوں کے بعد قرض لینے والے کو جہاز مل گیا اور وہ بھی لوٹ آیا۔ چونکہ اسے یقین نہیں تھا کہ مالک کو اس کی رقم مل چکی ہے اس لئے وہ ایک ہزار اشرفی لے کر اس امیر آدمی کو دینے گیا۔ اس پر گھر والے نے اس سے پوچھا کہ کیا تم نے مجھے پہلے بھی کوئی رقم بھیجی ہے؟ اس نے عرض کیا کہ فلاں طریقہ سے بھیجی تو تھی۔ اس پر اس امیر آدمی نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے وہ رقم عین وقت پر مجھے پہنچا دی تھی۔

(صحیح بخاری کتاب الکفالۃ باب الکفالۃ فی القرض والدَین)

اس حدیث میں جگہ جگہ تقویٰ اپنا جلوہ دکھا رہا ہے۔ قرض لینے والے کا اللہ تعالیٰ کو اپنا ضامن اور گواہ بنانا، قرض دینے والے کا اس ضمانت اور گواہی کو قبول کر لینا، قرض لینے والے کا قرض کی واپسی اور مقررہ تاریخ کو یاد رکھنا، جہاز نہ پا کر ایفاءِ عہد کے لئے اپنی رقم سمندر میں ڈال دینا، رقم کا متعلقہ فرد تک پہنچ جانا، بعد میں جہاز پا کر رقم کی واپسی کے لئے پھر حاضرِ خدمت ہونا اور گھر والے کا لکڑی سے نکالی ہوئی رقم کی وصولی کا اقرار کر لینا، سب تقویٰ ہی کی بدولت تھا۔

اعمال کیلئے تقویٰ کی ضرورت

روزہ ایک بہت بڑی نیکی ہے جس کا اجر خود خدا اور خدا کے ذمہ ہے۔ جس کے نتیجہ میں انسان بڑی ترقی کرتا اور مکاشفات سے حصہ پاتا ہے، لیکن شرط یہی ہے کہ انسان متقی ہو۔ اور روزہ رکھتے ہوئے بھی تقویٰ اللہ پیشِ نظر ہو۔ وگرنہ تقویٰ کے بغیر روزہ صرف بھوکا پیاسا رہنا ہے۔ جس کی خدا کی نزدیک کوئی قدر نہیں ہے اور جہدِ لا حاصل ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الصوم باب من لم یدع قول الزور)

ایسا ہی تلاوتِ قرآن کریم کرنا بڑے ہی ثواب کا موجب ہے، جس کا صرف ایک حرف پڑھنے سے دس تک نیکیاں ملتی ہیں۔ اور متقی قاری کو جنت کی بشارت دی گئی ہے۔ لیکن ان قراء کے لئے انذار بھی کیا گیا ہے جو تقویٰ اللہ سے نہیں بلکہ دکھاوے اور کاروبار کے طور پر تلاوتِ قرآن کرتے ہیں۔ چونکہ نیت لوجہ اللّٰہ نہیں اس لئے ان کا قرآن حلق سے اوپر اوپر ہی رہے گا، گلے سے نیچے نہ اترے گا۔ یعنی تلاوت میں روح اور تقویٰ شامل نہ ہوگا۔ اس لئے اپنے مقام و مرتبہ کو نہ پہنچے گا بلکہ صرف حلق کی زینت تک ہی محدود رہے گا۔ چونکہ نیت صرف حصولِ دنیا ہے اس لئے آخرت سے حصہ نہ پائے گا۔

(صحیح بخاری کتاب فضائل القرآن باب اثم من رای بقراءۃ القرآن)

یہ تو ایک نمونہ بیان کیا گیا ہے ورنہ تمام اعمال کا دارومدار تقویٰ پر ہی ہے۔ تقویٰ کے بغیر کوئی نیکی، نیکی نہیں کہلا سکتی کیونکہ اس میں اس کی روح اور جان نہیں ہے۔ تمام اعمالِ صالحہ اور نیکیوں کی جڑ تقویٰ ہی ہے جس کی بنا پر اعمال خدا کے حضور شمار ہوتے ہیں۔

تقویٰ کی علامات

پہلے ان امور اور باتوں کا ذکر کیا جاتا ہے جن سے بچنے کے عزم کا نام تقویٰ ہے۔ اور یہی تقویٰ کی علامات ہیں۔ ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دل اور سینہ کو تقویٰ کا محور قرار دیا اور ان باتوں کا ذکر فرمایا جن کا چھوڑنا تقویٰ کے لئے ضروری ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: ایک دوسرے سے حسد نہ کرو، ایک دوسرے کو نقصان پہنچانے کے لئے بڑھ چڑھ کر بھاؤ نہ بڑھاؤ۔ ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو، ایک دوسرے سے پیٹھ نہ موڑو یعنی بے تعلقی کا رویہ

اختیار نہ کرو۔ ایک دوسرے کے سودے پر سودہ نہ کرو۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کے بندے اور بھائی بھائی بن کر رہو۔ مسلمان اپنے بھائی پر ظلم نہیں کرتا، اس کی تحقیر نہیں کرتا اس کو شرمندہ یا رسوا نہیں کرتا۔ آپؐ نے اپنے سینے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: اَلتَّقْوٰی ھٰھُنَا کہ تقویٰ یہاں ہے۔ تقویٰ یہاں ہے۔ تقویٰ یہاں ہے۔ انسان کی بدبختی کے لئے یہی کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو حقارت کی نظر سے دیکھے۔ ہر مسلمان کا خون، مال اور عزت و آبرو دوسرے مسلمان پر حرام اور اس کے لئے واجب الاحترام ہے۔

(صحیح مسلم کتاب البر والصلة باب تحریم ظلم المسلم وخذلہ)

ایک اور روایت میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ لوگوں میں سب سے افضل کون ہے؟ فرمایا: مخموم القلب اور صدوق اللسان۔ صحابہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا صدوق اللسان کو تو ہم سمجھتے ہیں لیکن مخموم القلب سے کیا مراد ہے؟ اس کی ہمیں سمجھ نہیں آئی۔ فرمایا: وہ متقی اور پاکباز جس میں نہ گناہ ہو، نہ سرکشی ہو، کوئی کینہ نہ ہو، کوئی حسد نہ ہو۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الزہد باب الورع والتقویٰ)

تقویٰ وہ جذبہ ہے جو دل سے پھُوٹے اور دل اس پر کسی شک وشبہ کے بغیر اطمینان پائے۔ حضرت وابصہ بن معبد رضی اللہ عنہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نیکی کے متعلق پوچھنے گئے تو آپ نے فرمایا:۔ اِسْتَفْتِ قَلْبَکَ کہ اپنے دل سے پوچھ۔ کیونکہ نیکی وہ ہے جس پر تیرا دل اور تیرا جی مطمئن ہو اور گناہ وہ ہے جو تیرے دل میں کھٹکے اور تیرے لئے اضطراب اور وسوسہ کا موجب بنے، اگرچہ لوگ تجھے اس کے جواز کا فتویٰ دیں اور اسے درست کہیں۔

(مسند احمد بن حنبل جلد 4 ص 227-228)

اس حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تقویٰ کی پہچان کو ہمارے لئے بہت ہی آسان فرما دیا ہے کہ دوسروں سے پوچھنے کی بجائے اپنے دل پر نگاہ کرو، اس سے پوچھو۔ ہر وہ فعل جس پر دل مطمئن ہو مگر مردہ دلی کی وجہ سے نہیں بلکہ خدا کو حاضر ناظر جان کر، کہ یہی خدا کی رضا ہے، وہ کرے اور باقی سب باتوں اور راہوں کو چھوڑ دے اور ہر اس بات سے پرہیز کرے جس کے نتیجہ میں دل میں اضطراب اور خلش پیدا ہو، بے چینی سی پیدا ہو جائے اور دل خطرے کی گھنٹی بجا رہا ہو۔ لیکن جب اپنا دل محض للہ مطمئن ہو تو پھر کسی کے فتویٰ کی کوئی پرواہ نہ کریں، وہی کریں جس پر آپ کا دل مطمئن ہو۔ یہی تقویٰ کی راہ ہے۔

تقویٰ اور خوفِ خدا والی ادائیں اس کی مغفرت کا موجب بنتی ہیں۔ حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک شخص نے اپنے آپ پر بہت زیادتی کی، خوب گناہ کئے۔ جب وہ مرنے لگا تو اس نے اپنے بیٹوں کو وصیت کی کہ جب میں مر جاؤں تو مجھے جلا دینا، پھر میرے جلے ہوئے جسم کو باریک پیس لینا اور میری اس راکھ کو سمندری فضا کی ہوا میں اڑا دینا۔ خدا کی قسم مجھے یہ ڈر ہے کہ اگر میں اپنے خدا کے ہاتھ آ گیا تو میرے گناہوں کی وجہ سے وہ مجھے ایسی سزا دے گا جس کی مثال نہیں مل سکے گی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چنانچہ اس کے بیٹوں نے اس کی وصیت کے مطابق عمل کیا۔ لیکن خدا نے زمین کو حکم دیا کہ جہاں جہاں اس شخص کی راکھ کے ذرے گرے ہیں وہ سب واپس کر دو۔ چنانچہ وہ شخص پورے جسم کے ساتھ خدا کے حضور لرزاں و ترساں آ حاضر ہوا۔ خدا نے اس سے پوچھا تم نے ایسا کیوں کیا؟ اس نے جواب دیا۔ اے میرے خدا! تیری خشیت اور تیرے خوف نے مجھے ایسا کرنے پر مجبور کیا۔ خدا کو اس کی یہ ادا اور احساس ندامت پسند آیا اور اس کو بخش دیا۔

(سنن ابن ماجه كتاب الزهد باب ذكر الذنوب)

حصول تقویٰ کے لئے دعا

ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم جو تقویٰ کے مضمون سے خوب آگاہ تھے اور اس کی اہمیت کو سمجھتے تھے۔ آپؐ ہمیشہ اللہ تعالیٰ سے اپنے لئے تقویٰ مانگا کرتے تھے۔ حدیث کی کتب میں ایک دعا یوں وارد ہے: ...... کہ اے میرے اللہ! میرے نفس کو اس کا تقویٰ نصیب کر اور اس کو خوب پاک صاف کر دے، اور تُو ہی سب سے بہتر ہے جو اس کو پاک کر سکے۔

(صحیح مسلم کتاب الذکر والدعا باب فی الادعیۃ نمبر 6906)

اسی مضمون کی ایک حدیث حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ آپ رات کو نیند اور بستر سے اُٹھ کر بڑی عاجزی سے یہ دعا کیا کرتے تھے: کہ اے میرے رب! میری جان کو تقویٰ عطا فرما، اے میرے رب! میری جان کو تقویٰ عطا فرما۔

(مسند احمد بن حنبل کتاب باقی مسند الانصار باب باقی المسند السابق، حدیث نمبر 24575)

اس حدیث کی بہت ہی پیاری اور محبت سے بھری ہوئی تشریح کرتے ہوئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے ہاتھ سے ٹٹولا تو میرے بستر میں نہیں تھے۔ جیسا کہ خواتین کی عادت ہے آپ کے دل میں خیال گزرا کہ اُٹھ کر کہیں گئے ہیں مگر یہ بھی جانتی تھیں کہ آپؐ سے زیادہ پیارا اللہ تھا اور بسا اوقات آپؐ بستر چھوڑ کر اللہ کے حضور گریہ و زاری کیا کرتے تھے۔ تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی یہ حدیث بہت پیاری لگتی ہے مجھے کہ اپنے ہاتھ سے اس چارپائی کے کنارے کے نیچے دیکھا وہاں رسول اللہؐ کو ہاتھ لگایا، گریہ وزاری کر رہے تھے، رو رہے تھے اور تقویٰ مانگ رہے تھے۔ ایسی پیاری حدیث ہے کہ روح نچھاور ہوتی ہے اس پہ۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا پیار سے ہاتھ نیچے پھیرنا، دیکھنا کہ میرا آقا کہیں خدا کے حضور تو نہیں جھکا ہوا۔ واقعۃً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت خدا کے حضور جھکے ہوئے تھے اور یہ دعا کر رہے تھے: اے میرے رب! میری جان کو تقویٰ عطا فرما، اے میرے رب! میری جان کو تقویٰ عطا فرما۔ وہ رسول جو تقویٰ کی آماجگاہ تھا، وہ رسول جس نے ساری دنیا کو رہتی دنیا تک ہمیشہ کے لئے تقویٰ کی تعلیم دی اور تقویٰ کے اسلوب سکھائے، خدا کے حضور اپنے تقویٰ کو کچھ بھی نہیں دیکھتا تھا۔ وہ جانتا تھا کہ جب تک اللہ کے حضور مَیں متقی نہ ٹھہروں میں متقی نہیں ہو سکتا۔ یہ بھی جانتے تھے کہ اللہ کے حضور متقی ٹھہرا ہوا ہوں مگر حرص اتنی تھی تقویٰ کی، ایسی آرزو تھی دل میں تقویٰ کی کہ رو رو کر یہ عرض کر رہے تھے کہ اے اللہ! میری جان کو تقویٰ عطا فرما۔''

(خطباتِ طاہر عیدین ص 301 خطبہ عیدالفطر 30 جنوری 1998ء)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا بھی کیا کرتے تھے:۔ ''اے میرے رب! مجھے اپنا شکر گزار، اپنا ذکر کرنے والا، اپنے سے ڈرنے والا اور اپنا کامل اطاعت گزار اور اپنے حضور عاجزی کرنے والا بنا دے۔''

(جامع ترمذی کتاب الدعوات باب رب اعنی ولا تعن علی)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا بھی کیا کرتے تھے:

''اے اللہ! میں تجھ سے ہدایت طلب کرتا ہوں، تقویٰ اور عفت مانگتا ہوں۔ مجھے فارغ البالی عطا کر اور ہر دوسرے سے بے نیاز کر دے۔''

(صحیح مسلم کتاب الذکر باب التعوّذ مِن شرِّ ما عمل)

حضرت شہر بن حوشب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے ہاں ہوتے تھے تو زیادہ تر کونسی دعا کیا کرتے تھے؟ آپ نے بتایا کہ آپؐ زیادہ تر یہ دعا پڑھا کرتے تھے: ...... یعنی اے دلوں کے پھیرنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر ثابت قدم رکھ۔ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ میں نے حضورؐ سے اس دعا پر مداومت کی وجہ پوچھی تو آپؐ نے فرمایا کہ اے ام سلمہ! انسان کا دل خدا تعالیٰ کی دو انگلیوں کے درمیان ہے۔ جس شخص کو ثابت قدم رکھنا چاہے تو اس کو ثابت قدم رکھے اور جس کو ثابت قدم نہ رکھنا چاہے اس کے دل کو ٹیڑھا کر دے۔

(جامع ترمذی کتاب الدعوات باب یامقلب القلوب)

تقویٰ کی برکات وفوائد

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ اس انسان سے محبت کرتا ہے جو متقی ہو، بے نیاز ہو، گمنامی اور گوشہ نشینی کی زندگی بسر کرنے والا ہو۔

(صحیح مسلم کتاب الزھد والرقاق باب منہ)

اس حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

''اس حدیث کے تمام الفاظ تقویٰ کی نشان دہی کرنے والے ہیں اور کچھ تشریح کے محتاج ہیں جو میں آپ کے سامنے بیان کرتا ہوں۔ حضرت اقدس مسیح موعود کی زندگی جو دعویٰ سے پہلے کی تھی وہ اس حدیث کے ایک ایک لفظ پر گواہ ہے۔ حضرت اقدس مسیح موعود تنہائی پسند تھے، اپنے آپ کو الگ رکھا ہوا تھا، لوگوں کے سامنے کسی نمود و ریا کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا اور غنی تھے اس بات سے کہ کوئی آپ کو کیا سمجھتا ہے اور خفی یعنی دنیا کی نظر سے چُھپ کر اپنی نیکیوں کو پرورش دینے والے تھے۔ قطع نظر اس کے کہ دنیا آپ کو کیا سمجھتی ہے؟ اس حال سے اللہ نے آپ کو باہر نکالا اور جب تک اللہ تعالیٰ کا حکم نہیں ہوا آپ نے اس گوشہ نشینی کو ترک نہیں فرمایا۔ پس یہ مراد نہیں کہ آپ دنیا کو چھوڑ کر ایک طرف ہو کر بیٹھ جائیں۔ اس مضمون کو سمجھیں، آپ کی نیکیاں آپ کے سینے میں مخفی ہونی چاہئیں، آپ کی ذات ان نیکیوں پر پردے ڈالے رکھے، کبھی بھی آپ کو نیکیاں دکھانے کا شوق پیدا نہ ہو بلکہ یہ خیال آئے تو سمجھیں کہ یہ شیطان کا وسوسہ ہے۔ وہ سادہ لوگ جو اس حالت میں زندگی بسر کرتے ہیں وہ سچے احمدی ہیں۔ ان میں سے بہتوں کو آپ پہچانتے بھی نہیں۔ وہ خاموشی کے ساتھ اپنی نیکیوں کو اپنے دلوں میں رکھے ہوئے، اپنے سینوں میں چھپائے ہوئے پھرتے ہیں اور سادہ، ہر ایک کے سامنے جھکنے والے، ہر ایک کے سامنے جی کہنے والے اور نمازوں کا حق ادا کرنے والے، لیکن دنیا ان کو نہیں سمجھتی۔ مگر اللہ ان کو سمجھتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا رسولؐ فرما رہا ہے کہ اللہ ایسے انسانوں سے محبت کرتا ہے۔''

(خطباتِ طاہر عیدین ص 298 خطبہ عیدالفطر 30 جنوری 1998ء)

آنحضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خطبہ حجۃ الوداع میں جو عالمی انسانی چارٹر دنیا کے سامنے پیش فرمایا، جو مساوات کا علمبردار اور تقویٰ پر مبنی تھا، اس میں آپؐ نے تمام انسانوں کو بھائی بھائی قرار دیا اور رنگ ونسل کی فضیلت اور برتری کو کالعدم قرار دیا اور عزت وتکریم کی وجہ صرف تقویٰ کو ٹھہرایا۔

(مسند احمد بن حنبل جلد 5 ص 411)

ایسا ہی حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ لوگوں میں سے زیادہ عزت والا کون ہے؟ آپ نے فرمایا: اَتقاھُم یعنی لوگوں میں سے جو زیادہ متقی ہو۔

(صحیح بخاری کتاب الانبیاء باب کان یوسف و اخوتہ ایات للسائلین)

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ

اس وقت تک انسان کی ضرورتیں پوری کرتا رہتا ہے جب تک کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کی حاجت روائی کے لئے کوشاں رہے۔

اللہ تعالیٰ متقی کی ضروریات کو پورا کرتا ہے اور اس کی ضروریات کو بھی پورا کرتا ہے جو دوسروں کی ضروریات کو پورا کرے۔ گویا متقی اور دوسروں کی ضروریات کو پورا کرنیوالا ہم صفت ہیں۔ اس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تقویٰ کے حصول کے لئے دوسروں کی مدد کرنے کی رہنمائی فرمائی ہے۔

حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بیشک میں ایک ایسی آیت جانتا ہوں کہ لوگ اگر اسے حرزِ جان بنالیں تو ان کے لئے کافی ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ تھی: ...... (الطلاق: 3) کہ جو بھی اللہ کا تقویٰ اختیار کرے گا اللہ اس کے لئے مخرج نکالے گا۔ مصیبتوں سے نکلنے اور مشکلات سے باہر آنے کا رستہ پیدا کر دے گا۔

(سنن دارمی کتاب الرقاق باب فی تقوی اللہ)

اس پیاری حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

''حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شان سے اس آیت کو اُبھار کے پیش کیا ہے اس سے سمجھ آتی ہے کہ اس آیت کا کیا مطلب ہے؟ جتنے بھی لوگ مصیبتوں میں مبتلا ہوں، بیماریاں ہوں یا کئی قسم کی چٹیوں نے ان کو گھیر رکھا ہو، مقدمات میں پھنسے ہوئے ہوں، خطرات میں گھیرے گئے ہوں، ہر قسم کی مصیبتوں سے انسان نکلنے کی خواہش رکھتا ہے اور ہر ایسی خواہش کے وقت دنیا کا سہارہ اس کے سامنے آتا ہے۔ دنیا میں کوئی نہ کوئی ایسا انسان یا کوئی نہ کوئی ایسا جتھہ ہوتا ہے جو ان مشکلات اور مصیبتوں سے نکلنے میں اس کی مدد کر سکتا ہے اور ہمیشہ پہلے ان کا خیال آیا کرتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کریمہ کو اس موقع کے لئے پیش فرمایا ہے کہ ہر ایسے وقت میں جب تم مصیبتوں میں آزمائے جاؤ یا تمہارے دل کی تمنائیں اور خواہشات کے پورا ہونے کے لئے تمہیں بعض دنیا کے بڑے بڑے آدمی دکھائی دے رہے ہوں اگر ان کو بالکل نظر انداز کر دو اور کلیۃً خدا پر انحصار فرماؤ تو یاد رکھو کہ اللہ اس قابل ہے، یہ طاقت رکھتا ہے کہ تمہیں ہر ایسی مشکل سے نجات بخشے۔ پس اس سے بڑا گُر اور کیا ہو سکتا ہے جو ہمیں سکھا دیا گیا۔

ہر مصیبت، ہر ضرورت، ہر خواہش کو پورا کرنے کے لئے اس آیت کے مضمون کو پیشِ نظر رکھیں۔ ایسے وقت میں جبکہ تقویٰ آزمایا جاتا ہے اس وقت ثابت رہیں، اس وقت تقویٰ کو مضبوطی سے پکڑے رکھیں اور یقین کریں کہ اللہ تعالیٰ ضرور ایسے شخص یا ایسی قوم کی حالت بدل دیا کرتا ہے۔ پس احمدی افراد ہوں یا بحیثیت جماعت، کل جماعت احمدیہ ہو، ہر ایک کو میں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ میں ترقی کا یہ گُر بتاتا ہوں۔ اپنی تجارتوں میں، اپنی ضرورتوں میں ہمیشہ اس بات کو پیشِ نظر رکھیں، آپ یقین رکھیں ایک ذرہ بھی اس میں تزلزل نہ ہو کہ اللہ تعالیٰ ضرور آپ کا ہاتھ تھام لے گا اور آپ کو پہلے سے بڑھ کر عظیم الشان ترقیات عطا فرمائے گا۔''

(خطباتِ طاہر عیدین ص 303۔ خطبہ عید الفطر 30 جنوری 1998ء)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف طریقوں سے وضاحت کر کر کے اپنی امت کو اُبھار رہے ہیں تا وہ گروہِ متقین میں شامل ہو جائیں۔ چنانچہ آپ عمر کے بڑھانے، رزق کی فراوانی اور موت کی اذیت ناک کشمکش سے نجات کا نُسخہ بتاتے ہوئے فرماتے ہیں: جو شخص چاہتا ہے کہ اس کی عمر دراز کی جائے، اس کے رزق میں فراخی پیدا کی جائے اور اس سے اذیت ناک موت دور کی جائے۔ تو اسے چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرے اور اپنے رحمی تعلقات کو استوار کرے۔''

(مسند احمد بن حنبل حدیث نمبر 1150)

رسول اللہ ﷺ کا عملی نمونہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قول کے ساتھ ساتھ اپنے فعل سے بھی اس مضمون کو اجاگر فرمایا۔ آپؐ کے تقویٰ کی کیفیت تو دیکھئے کہ رات کو اپنی بیوی کے پاس ہیں دل خدا کی طرف ہے، اس کی عبادت کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن تقوی اللہ جوش مارتا ہے کہ کہیں ایسا کرنے سے بیوی کی حق تلفی نہ ہو۔ مگر دل خدا کی طرف اٹکا ہوا ہے۔ آخر بیوی سے رات عبادت کی اجازت لی۔ اس طرح حقوق اللہ اور حقوق العباد سے متعلق تقویٰ کو پیشِ نظر رکھا اور اس کی باریک راہوں کو نباہا۔

(مضامین بشیر از حضرت مرزا بشیر احمد صاحب ص 139)

حتّٰی کہ بڑھاپے میں جب کمزوری کے باعث آپؐ کو آرام کی ضرورت تھی تو تقوی اللہ ہی کے پیشِ نظر اپنی دیگر بیویوں سے اجازت لی کہ اب میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر رہنا چاہتا ہوں۔ اور تمام موجود ازواج نے اس کی اجازت دے دی تب آپ نے حضرت عائشہؓ کے گھر اپنی زندگی کے آخری دن گزارے۔

(صحیح بخاری کتاب المناقب باب فضل عائشہؓ)

غلاموں اور مزدوروں کا خیال

غلام، نوکر اور مزدور معاشرے کا کمزور طبقہ ہیں جن کی پرواہ نہیں کی جاتی، جن سے بعض اوقات جانوروں کا سا سلوک کیا جاتا ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طبقہ کے بارے میں بھی تقویٰ اختیار کرنے کی تعلیم دی ہے اور فرمایا کہ وہ تمہارے بھائی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں تمہاری نگرانی میں دیا ہے۔ پس انہیں وہی کھلاؤ جو خود کھاتے ہو، انہیں وہی پہناؤ جو خود پہنتے ہو، ان کی طاقت سے بڑھ کر انہیں کام نہ دو یا کام میں ان کا ہاتھ بٹاؤ۔

(صحیح مسلم کتاب الایمان باب اطعام المملوک)

بلکہ آپؐ نے تو حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق فرمایا کہ مجھے کمزوروں میں تلاش کرو۔ یعنی میں ان کے ساتھ ہوں اور ان کی مدد کر کے تم میری رضا حاصل کر سکتے ہو۔ یہ حقیقت ہے کہ کمزوروں اور غریبوں کی وجہ سے تم خدا کی مدد پاتے ہو اور اس کے حضور سے رزق کے مستحق بنتے ہو۔

(جامع ترمذی ابواب الجہاد باب ما جاء فی الاستفتاح بصعالیک المسلمین)

جانوروں کے بارے میں تقویٰ

رحمۃ للعالمین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جانوروں کے بارے میں بھی تقوی اللہ اختیار کرنے کی تعلیم دی ہے اور ان کی ضروریات کا خیال رکھنے اور انہیں تکلیف نہ دینے کا ارشاد فرمایا ہے۔ چنانچہ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ آپؐ ایک انصاری کے باغ میں گئے تو ایک اونٹ آپ کو دیکھ کر بلبلایا اور اس کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔ آپ اس اونٹ کے پاس گئے، اس کے سر اور گدی پر ہاتھ پھیرا جس پر وہ خاموش ہو گیا۔ آپ نے اونٹ کے مالک کو بلایا اور فرمایا کہ کیا تمہیں اللہ کا خوف نہیں آتا کہ اللہ نے تمہیں اس اونٹ کا مالک بنایا ہے جو یہ شکایت کر رہا ہے کہ تم اس اونٹ سے کام اور مشقت زیادہ لیتے ہو اور اسے چارہ کم دے کر بھوکا رکھتے ہو۔

(ابوداؤد کتاب الجہاد باب مایؤمر بہ من القیام)

اسی تسلسل میں آپ نے اس عورت کا بھی ذکر فرمایا کہ جس نے بلی باندھے رکھی، اسے کھانا دیا نہ پانی اور نہ ہی اسے کھلا چھوڑا کہ اپنا رزق خود تلاش کرتی اور اپنی بھوک پیاس مٹاتی۔ چنانچہ وہ بلی بھوک اور پیاس سے مر گئی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ وہ عورت بلی پر ظلم کی وجہ سے جہنم کی آگ میں دھکیل دی گئی۔

(صحیح مسلم کتاب الحیات باب تحریم قتل الھرۃ)

اسی طرح حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک سفر میں تھے کہ ہم نے حمرہ نامی ایک چڑیا کے دونوں بچوں کو پکڑ لیا۔ چڑیا نے چلاتے ہوئے سروں پر منڈلانا شروع کر دیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا تو فرمایا کہ چڑیا کو اس کے بچوں کی وجہ سے کس نے پریشان کیا ہے؟ چنانچہ معلوم ہونے پر آپؐ نے حکماً چڑیا کے بچوں کو واپس کرایا۔ اسی طرح جب ہم نے چیونٹیوں کے بل کو جلا دیا تو آپؐ نے اس کی مذمت کی اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کے لئے جائز نہیں کہ کسی جاندار کو آگ سے جلائے۔

(ابوداؤد کتاب الجہاد باب کراھیۃ حرق العدو بالنار)

ان سب احادیث اور اقوالِ رسولؐ سے تقویٰ کا مضمون روشن ہوتا چلا جاتا ہے۔ کہ آپ نے ہر چیز کو اعتدال میں رکھا اور کمزور طبقہ کے بھی حقوق کو قائم کیا کہ اللہ تعالیٰ کی رضا اسی میں ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو آنحضرت ﷺ کی خواہش و تمنا کے مطابق دل کی گہرائیوں سے تقویٰ اختیار کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

خودکشی حرام ہے

حضرت مصلح موعود کا ایک خط

برادرم مکرم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

آپ کا خط ملا۔ آپ کی بیوی کی صحت کے لئے دعا کرتا ہوں۔ خودکشی (دین) میں حرام ہے۔ ایسی حرام کہ رسول کریم ﷺ فرماتے ہیں جو خودکشی کرتا ہے وہ جہنمی ہے اور جس کا انجام کسی جہنمی فعل پر ہو اس کے انجام کی نسبت شک نہیں ہو سکتا۔ اس لئے اس کا جنازہ جو دعائے بخشش ہے پڑھنا جائز نہیں اور نہ میں اور نہ میری جماعت کے لوگ اس کا جنازہ پڑھ سکتے ہیں۔ مقبرہ بہشتی میں ایسا شخص کسی صورت میں دفن نہیں ہو سکتا۔

خودکشی بہادری نہیں بلکہ جنون کا ایک شعبہ ہے سوائے عارضی جنون کے خودکشی کا فعل مکمل نہیں ہو سکتا جو عارضی جنون میں مبتلا نہیں ہوتے عین وقت پر خودکشی سے باز آجاتے ہیں۔ ڈاکٹروں نے ہزاروں تجارب کے بعد یہ بات پایہ ثبوت تک پہنچا دی ہے۔ اگر جنون ہے تو سزا کیسی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ فعل خودکشی باعانت جنون ہوتا ہے لیکن ارادہ کے لئے جنون کی شرط نہیں وہ مایوسی سے پیدا ہوتا ہے اس لئے سزا ارادہ ناجائز کی ملتی ہے اور اگر خودکشی نہ کر سکے اور بچ جائے تو پھر اس کی توبہ کی وجہ سے وہ سزا سے محفوظ رہ سکتا ہے۔

خودکشی بزدلی ہے۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ جو لوگ خودکشی کرتے ہیں جب وہ کسی ذریعہ سے ہلاکت سے بچ جاتے ہیں تو پھر ان کو کبھی دوبارہ اس فعل کے کرنے کی جرأت نہیں ہوتی۔ اس کی ہزاروں لاکھوں مثالیں ملتی ہیں۔ یہ ثبوت ہے اس بات کا کہ بوجہ کمی علم کے خودکشی کرنے والا اقدام خودکشی کرتا ہے۔ جب اس کو علم ہو جاتا ہے تو پھر پرہیز کرتا ہے۔ دوسرے خودکشی کرنے والا جس سبب سے خودکشی کرتا ہے وہ رنج و غم ہوتا ہے پس جو شخص رنج و غم سے بچنے کی نیت سے اس دنیا کو چھوڑتا ہے وہ بزدل نہیں تو اور کیا ہے۔ اس کا اپنے آپ کو بہادر کہنا ایسا ہی ہے جیسے کہ کوئی میدان جنگ سے بھاگنے والا سپاہی دوسروں کو بزدل کہے کہ تم کو بھاگنے کی جرأت نہیں ہوئی۔

والسلام

خاکسار

مرزا محمود احمد

(الفضل 9 دسمبر 1916ء)

مکرم محمد اسلم سجاد صاحب

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی قبولیت دعا کا معجزہ

محترم مولوی عبدالکریم صاحب ہلاپوری کا ذکر خیر

الفضل شمارہ 8 ستمبر 2010ء کے صفحہ 4 پر محترم مولانا عطاء المجیب راشد صاحب کا ایک مضمون بعنوان "محترم مولوی عبدالکریم صاحب آف لندن" اشاعت پذیر ہوا ہے۔ اس خوبصورت مضمون میں آپ نے محترم مولوی صاحب کی ایک خطرناک بیماری سے، حضرت خلیفہ رابع کی دعا سے معجزانہ شفایابی کا ذکر کیا ہے۔ شفایابی کا یہ واقعہ، اپنی مکمل صورت میں حددرجہ ایمان افروز ہے۔ میں نے یہ واقعہ خود ماموں جان محترم مولوی عبدالکریم صاحب سے ان کی ربوہ تشریف آوری کے موقعہ پر سنا تھا۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ پہلے محترم مولانا عطاء المجیب راشد صاحب کا تحریر فرمودہ حصہ نقل کر دیا جائے۔ اس سے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی دعا کے اثرات کا حقیقی لطف لیا جاسکے گا۔ مولانا نے لکھا:۔

